



Urdu Novels Ghar

# بن تیرے ادھورے ہم

## تارا

ابا میں اپکو بتا رہا ہوں میں کسی دن ارمان کو مار دوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔

صبر کرو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

صبر سے کام لو کیس بھی ہم جیتیں گے اور پھر زمینیں بھی ہماری ہو جائیں گی۔۔۔۔۔

تم جذبات میں اکر کوی بھی غلط فیصلہ نا کرنا۔۔۔۔۔۔ نہیں تو ہمارے لیے بہت مشکل ہو گا۔۔۔۔۔

ابا ایک بات بولوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہاں بول۔۔۔

ابا کیوں نا ہم کیس ختم کروا دیں۔۔

دماغ خراب ہے تیرا کیا۔۔۔۔ابا پوری بات تو سنیں۔۔۔۔

ہم کیس ختم کروا کے انہیں کرن دے دیتے ہیں اور زمین لے لیتے ہیں۔۔۔۔۔۔

او چلیا تجھے کیا لگتا ہے وہ ایسے دے دیں گے ہمیں ایسا کبھی نہیں ہو سکتا۔۔۔۔۔

وہ لوگ کرن کے بدلے اتنی زیادہ زمینیں تو ہمیں نہیں دے سکتے۔۔۔۔

پھر ابا۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی وہ بات ہی کر رہے تھے کے نواز کا فون ان کی گفتگو میں خلل پیدا کرتا ہے۔۔۔۔

ہاں کیا ہے۔۔۔۔۔۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔۔

اس حرام خور کو روک کر رکھو میں ابھی ارہا ہوں۔۔۔۔۔

نواز انتہائی غصے میں باہر نکل گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

۰✧◕◕۰✧◕◕۰✧◕◕۰✧◕◕۰✧◕◕۰✧◕◕۰✧◕◕۰
✧◕◕

یار میں گھر نہیں جانا چاہتی۔۔۔۔۔

کیوں جی؟؟ یار گھر میں زمینوں کی باتیں ہی کرتے رہتے ہیں کان پک گئے ہیں سن سن کر۔۔۔۔۔

اوپر سے امی میری شادی کروانے کے چکروں میں ہیں۔۔۔۔اچھا ہے نا یار تمہاری شادی ہو جائے گی تم یہاں سے چلی جاؤ گی۔۔۔یعنی کے تم ان زمینوں کے معاملے سے دور ہو جاؤ گی۔۔۔۔۔۔

نہیں یار شادی کر کے ذمے داری بڑھ جائے گی۔۔۔۔

میں مرنے سے پہلے جینا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔

اچھا یار میں کیا کر سکتی ہوں تمہارے لیے کرن۔۔۔۔تم میرے لیے دعا کرو بس۔۔۔۔۔۔۔۔

کرن تمہیں سر بلا رہیں ہیں۔۔۔۔

لو بھئی۔اگیا بلاوا۔۔۔۔۔۔۔۔

میں جا رہی کل ملوں گی۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

باہر کھڑی ہو کر اس نے دروازا ناک کیا۔۔۔۔

مے ائی کم ان سر۔۔۔

یس۔۔۔

مس کرن اپ کی کارکردگی اس مہینے بہت ڈاؤن ہے۔۔۔۔

اس کی وجہ پوچھ سکتا ہوں۔۔۔۔۔

کرن برتن دھودو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کرن کھانا بنا لیا۔۔۔۔۔۔۔۔

کرن کپڑے استری کردو۔۔۔۔۔۔۔۔۔کرن کپڑے دھو لیے تم نے۔۔۔۔کرن یہ کردو کرن وہ کرو

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سر کی بات سنتے ہی کرن کے ذہن میں اس مہینے کی باتیں چلنے لگی۔۔۔

سر کچھ پرسنل ایشوز۔۔۔۔۔۔

اچھا سہی بٹ فوکس ان یور سٹڈیز۔۔۔۔یس سر۔۔۔۔۔۔

یو کین گو ناؤ۔۔۔۔۔

Urdu Novels Ghar

｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕

کرن گھر پہنچی تو گھر میں گڑ بڑ لگی۔۔۔۔۔

مہمان خانے میں دو لوگ بڑے ہی غصے میں بیٹھے ہوئے تھے۔۔۔۔۔

اور اس کا باپ ان سے معافی تلافی کر رہے تھے۔۔۔۔

امی امی یہ لوگ کون ہیں ۔۔۔اہستہ بول کرن تیرے بھائی نے ان کے بیٹے کا قتل کر دیا ہے

۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا۔۔۔۔۔۔۔ہاں اور یہ لوگ بڑے غصے میں ہیں ۔۔۔۔ تیرے بھائی کو مارنے ائے ہیں بدلہ لینے

۔۔۔۔۔۔

یا اللہ یا اللہ میرے بیٹے کو بچا لے یا اللہ۔۔۔۔۔

امی کیا کر رہی ہیں۔۔۔۔اب کوی فائدہ نہیں یہ بھائی کو پہلے سوچنا چاہیے تھا۔۔۔۔۔

ارے ارے کیسی بہن ہے تو اپنے بھائی کے لیے دعائیں مانگ دعائیں۔۔۔

امی میرے دعا مانگنے سے کچھ نہیں ہونا۔۔۔۔اپ کے بیٹے کو زمینوں کی بڑی چاہ ہے۔۔۔۔۔

اور ہاں ایک بات یاد رکھنا وہ اپنے کیے کی سزا ضرور بھگتے گیں۔۔۔۔

میں تو کیا ابا بھی نہیں کچھ کر سکیں گے۔۔۔۔۔

پہلے کم ٹینشنز تھیں جواب اور اگئی ہیں۔۔۔۔۔

کمرے میں اکر کرن نے ساری چیزیں پھینک دی۔۔۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

کیا بات کرکے ائے ہیں اپ۔۔۔۔۔۔

بولیں لیا میرے بیٹے کا بدلا۔۔۔۔

عظیم صاحب اور ارسل کر داخل ہوتے دیکھ کر نعیمہ ایک دفعہ پھر دیوانوں کی طرح چلانے لگیں ۔۔۔۔۔۔۔

مام مام ریلیکس۔۔۔۔۔۔

میرا بیٹا ارسل بتانا مار کر ایا ہے اسے۔۔۔۔بول نا۔۔۔۔

ارے آپ دونوں چپ کیوں ہیں کچھ تو بولیں۔۔۔۔۔۔۔۔

نعیمہ میں نے ان سے بدلے میں انکی بیٹی مانگ لی ہے۔۔۔

ایکسیوزمی۔۔۔۔۔۔ارسل وہاں سے اٹھ کر چلا گیا۔۔۔۔۔۔۔

کیا ابو ان کی بیٹی۔۔۔۔ہاں سائمہ بدلے میں ان کی بیٹی مانگ لی ہے اور زمینیں بھی ہمارے پاس ہی رہیں گی۔۔۔۔

اور تم نعیمہ ان کے بیٹے کو مار کر ایک دفعہ ساری اذیت دینے سے مزا نہیں ائے گا۔۔۔۔۔

ان کی بیٹی ائے گی روز ان کو نئ موت ماریں گے۔۔۔۔۔۔۔

نعیمہ اپنے شوہر کی باتیں سن کر کافی مطمئن ہو گئی تھی۔۔۔۔۔۔۔

لیکن ابو وہ مانگی کس کے لیے ہے۔۔۔۔

ارسل کے لیے یا زمان کے لیے ؟؟؟

ارسل کے لیے زمان سے امید ہی نا رکھنا کے وہ اس لڑکی پر کوی ظلم کرے گا۔۔۔۔۔

پتا نہیں کس پر گیا ہے۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

کرن جب سے یونیورسٹی سے ائی تھی کمرے میں تھی اب ہی باہر ائی کھانے پر۔۔۔۔۔اچھا ہوا تم کمرے سے اگئی۔۔۔۔۔

کل تمہاری شادی ہے۔۔۔۔۔۔۔

وہاں سب کو حیرت کا جھٹکا لگا سوائے نواز کے۔۔۔اخر اسی کی وجہ سے سب ہوا۔۔۔۔۔۔۔۔

کیااااااا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ابو آپ۔۔۔آپ کیسے۔۔۔۔۔

کچھ ٹوٹا تھا اُس کے اندر۔۔۔۔۔اس کا مان۔۔۔۔۔۔۔یقین کرنے کی کوشش کر رہی تھی کیا اس کا باپ ایسا کر سکتا ہے۔۔۔۔۔

میں کیسے کا کیا مطلب۔۔۔۔

باپ ہوں تمہارا۔۔۔۔ویسے بھی شادی تو کروانی ہی تھی۔۔۔۔۔۔

ابواپ۔اپ نے مجھ سے پوچھا بھی نہیں۔۔۔۔۔۔اس بار اس کی اواز نم ہوی تھی۔۔۔

میں پابند نہیں ہوں پوچھنے کا۔۔۔اور میرا حکم ہے

امنہ بیگم تیار رکھنا اسے ظہر کے بعد۔۔۔۔۔۔۔۔اؤ نواز میرے ساتھ ایک کام ہے۔۔۔۔۔۔۔

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

امی اپی کل چلی جائے گی۔۔۔عزل انکھوں میں ماصومیت لیے نیچے بیٹھی روتی ہوی کرن کو دیکھ کر کہتی

۔۔۔۔۔۔

امی بولیں نا۔۔۔۔۔

امنہ تو بس کرن کو دیکھے جا رہی تھی۔۔۔۔۔۔

امییی۔۔۔

ہ۔ہاں چلی جائے گی۔۔۔می۔۔۔میں نہیں جاوں گی۔۔۔۔۔

میں کہی نہیں جاؤں گی میں کسی کے لیے کوی قربانی نہیں دے رہی۔۔۔۔۔۔۔۔

امی اپ یہ بات سن لیں اور ابو کو بھی بتا دیں۔۔۔۔۔

نہیں تو۔۔۔۔۔۔نہیں تو میں بھاگ جاوں گی۔۔۔۔

ہاں بھاگ جاوں گی۔۔۔۔۔

Urdu Novels Ghar

کرن کمرے میں جاتے ہوئے چیختی ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن دروازے سے اندر اتے نوار اور سعید اس کی باتیں سن کر غصے سے لال پیلے ہوتے اندر ائے ۔۔۔۔۔

یہ کیا بکواس کر کے گئی ہے۔۔۔سعید کی دھاڑ پر جہاں امنہ سہمی وہیں عزل بھی اس کے پیچھے چھپ گئی ۔۔۔۔۔

سعید صاحب اپ اس کی مرضی کے بغیر کچھ نہیں کر سکتے ہم نے زبردستی کی تو وہ بھاگ جائے گی یا نکاح کے ٹائم ہی انکار کر دے گی۔۔۔۔۔

کچھ سوچ کر سعید بولے۔۔۔۔۔

ان کو ہمارے گھر سے لڑکی چاہیے۔۔۔۔۔۔کوی بھی ہو۔۔۔

عزل کو سمجھا دینا اور اسے تیار رکھا۔۔۔۔۔۔

میں اور کچھ نہیں سنو گا۔۔۔۔

اپنا بیٹا زیادا پیارا ہے ۔۔۔۔۔میرے بڑھاپے کا سہارا ہے یہ بیٹیاں کون سا کما کر مجھے کھلائیں گی ۔۔۔۔الٹا مجھے ان کو دینا پڑے گا۔۔۔۔۔۔

اپنے بارے میں اپنے باپ کے خیالات سن کر غزل کو یقین نہیں ارہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

کاش یہ خواب ہو اور میری انکھ کھل جائے۔۔۔۔۔



Urdu Novels Ghar

یااللہ کاش یہ خواب ہو۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن کیا ہونے والا تھا یہ اسے بہت جلد پتا لگنے والا تھا۔۔۔۔۔۔

تاریکی میں ڈوبا ہوا کمرا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔یا اللہ میری مدد کرنا۔۔۔۔پتا نہیں وہ لوگ کیسے ہوں گے۔۔۔۔۔

میں کیسے رہوں گی و۔وہاں۔۔۔۔م۔میں۔۔۔۔میں نہیں رہ سکوں گی۔۔۔۔۔ابا کیوں میرے ساتھ ایسا کیا۔م۔میں کبھی آپ لوگوں کو معاف نہیں کروں گی۔۔۔۔میں کبھی معاف نہیں کروں گی۔۔۔۔۔۔عزل بولتے بولتے نیند کی وادیوں میں گم ہو چکی تھی لیکن اس کی ساری باتیں کرن سن چکی تھی۔۔۔۔۔

یااللہ یہ مجھ سے کیا ہو گیا۔۔۔۔میری معصوم بہن۔۔۔وہ۔وہ مجھے ذمے دار ضرور سمجھے گی۔

اب کیا کروں میں۔۔۔۔اسے کیسے بچاؤں اُس جہنم سے۔۔۔۔کیسے بچاؤں۔۔۔۔۔۔

لیکن اب بہت دیر ہو چکی تھی اب پچھتانے کا کوی فائدا نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕

بھائی یہ میں کیا سن رہا ہوں؟؟؟؟

کیا؟؟ارسل ابرو اچکا کر اسی پر سوال کر دیتا ہے۔۔۔۔۔

یہ بابا کیا کہہ رہے ہیں اپکی شادی؟؟

ہاں اور شادی نا کہو تو بہتر ہے میرے نزدیک اس رشتے کی کوی اہمیت نہیں ہو گی۔۔۔۔

پر بھائی وہ لڑکی۔۔۔۔۔۔

تمہیں اس سے ہمدردی کرنے کی کوی ضرورت نہیں ہے وہ میرے بھائی کے قاتل کی بہن ہے ۔۔۔۔۔۔ائی سمجھ۔۔۔!

افسوس بھائی اپ ایک مرد کے قتل کا بدلا ایک عورت سے لیں گے۔۔۔۔

اور وہ بھی ایسی عورت جس کا گناہ یہ ہے کے وہ قاتل کی بہن ہے۔۔۔۔

بھائی اپ سے اس ناسمجھی اور جہالت کی امید نہیں تھی۔۔۔۔

زمان یو آر کراسنگ یور لیمٹس۔۔۔۔۔

اپ لوگ بہت برا کر رہے ہیں۔۔۔۔۔

انف زمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

جاؤ یہاں سے اس وقت۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائی میں جارہاہوں لیکن میری باتوں پر غور کرنا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

زمان تو چلا گیا مگر ارسل کو سوچوں میں گرا کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

کیا واقعی ہم غلط ہیں۔۔۔۔

کیا یہ ظلم ہے!!!

کیا ہمیں ایسا کرنا چاہیے۔۔۔۔۔۔

دیکھا جائے تو اس لڑکی کا قصور کیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کا قصور یہ ہے کہ وہ میرے بھائی کے قاتل کی فیملی سے ہے۔۔۔۔

اور ویسے بھی ہم بدلہ ہی لے رہیں ہیں پھر وہ لڑکے سے ہو یا لڑکی سے کیا فرق پڑھتا ہے۔۔۔۔۔

اور پھر انسانیت اور احساس پر بدلے کی آگ غالب اگئی۔۔۔۔

بسس ہو گیا فیصلہ میں لوں گا بدلہ۔۔۔۔۔

ضرور لوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。
✧◕◕

صبح کا سورج تو کب کا چڑھ چکا تھا لیکن عزل نے اٹھنے میں دیر لگا دی۔۔۔۔۔۔

عزل ٹائم دیکھو 1 بج رہا ہے وہ لوگ کچھ ہی دیر میں ارہے ہونگے۔۔۔۔۔۔

امی وہ لوگ۔۔۔۔۔

وہ لوگ مجھے برباد کرنے ارہے ہیں۔۔۔۔۔میں ساری زندگی جھلستی رہوں گی اور۔۔۔۔۔۔اور اپ خوش ایسے ہو رہی ہیں جیسے۔۔۔۔ جیسے میرا گھر بسا رہی ہوں آپ۔۔۔۔۔۔

اپ لوگ مجھے کھائی میں دھکا دے کر ایسے۔خوش ہو رہے ہیں جیسے میں وہاں بہت خوش رہوں گی

۔۔۔جیسے میری زندگی پھولوں کی طرح مہک اٹھے گی۔۔۔۔۔

لیکن۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن۔میری زندگی میں ایک شور ہو گا۔۔۔۔۔سسکیوں کا شور جو میں ان جے ظلم سہنے کے بعد کمرے

کے ایک کونے پر بیٹھ کر لو گی۔۔۔۔۔۔

بس نا غزل۔۔۔۔۔۔امنہ کی اواز بھی نم ہو گئی تھی۔۔۔۔

بس چپ۔۔۔۔یہی تمہاری قسمت تھی میری بچی۔۔۔۔۔

امنہ اس کے سر پر لال دوپٹہ سجاتے ہوئے بولی۔۔۔۔۔

اور دور کھڑی کرن اسے دیکھ کر اپنے انسو ضبط کرنے کی کوشش کرنے لگی۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

کچھ ہی دیر میں ارسل عظیم اور زمان ان کے گھر پر موجود تھے۔۔۔۔۔۔۔

نکاح کے لیے غزل کو لایا گیا۔۔۔۔۔۔

مولوی کیا پوچھ رہا تھا غزل کو کچھ سنائی نہیں دے رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

غزل کہیں کھوی ہوی تھی۔۔۔۔مولوی کے تیسری بار پوچھنے پر امنہ نے غزل کو ہلایا اور وہ واپس اسی

ظالم دنیا میں اگئی۔۔۔۔۔۔۔

ق۔قبول ہے۔۔۔۔۔۔۔

اس نے کچھ نا سنا۔۔۔۔۔بس اپنی بربادی کی سیڑھی پر پہلا قدم رکھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں رخصتی کا وقت اگیا۔۔۔۔۔۔

کوی مہمان نہیں ایا تھا بس دونوں گھروں کے بڑے تھے۔۔۔۔

امی مجھے مبارکباد دیں۔۔۔۔۔میں۔میں برباد ہونے جارہی ہوں۔۔۔

عزل کے الفاظ جہاں امنہ کی انکھیں نم کر گۓ تھے وہیں ارسل کے دل میں بھی تیر کی طرح لگے تھے۔۔۔۔۔۔

اور پھر وہ لوگ عزل کو لیے گھر کی طرف نکل پڑے۔۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

تم۔۔۔۔۔تم شرافت سے یہاں سے اٹھ جاؤ۔مجھے کوی بھی غلط بات کہنے پر مجبور نہ کرنا۔۔۔۔

اور ہاں ونی ہو تو ونی بن کر رہنا۔۔۔۔۔میرے سر پر چڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔

وہ کمرے میں اس کا بازو دبوچے تلخ گوئی کر رہا تھا۔۔۔۔۔مقابل کو وہ اپنے الفاظوں سے مار گیا اسے کسی ہتیار کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوئی اسے مارنے کے لیے۔۔۔۔

اب میر امنہ کیا دیکھ رہی ہو جاؤ صوفے پر سو جا کر۔۔۔۔

کیا میں یہی ڈیسر ؤ کرتی ہوں۔۔۔۔


Urdu Novels Ghar

میری تو کوی غلطی نہیں تھی۔۔۔۔

اخر کیوں ابو کیوں کیا ایسا میرے ساتھ۔۔۔۔

اور بس وہ یہی سوچتی رہ گئی۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

او ہیلو غزل میڈم اٹھو۔۔۔۔۔۔۔۔

ارسل کب سے غزل کو جگا رہا تھا۔۔۔

پاس پڑا پانی کا گلاس اٹھا کر سارا پانی اس پر گرا گیا۔۔۔۔۔۔

ک۔ کیا ہوا۔۔۔۔۔۔۔

غزل ہڑ بڑا کر اٹھ گئی۔۔۔۔

Urdu Novels Ghar

ٹائم دیکھ رہی ہو۔۔۔۔۔

وہ گھڑی کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہتا ہے۔۔۔۔

کل سے صبح سویرے اٹھی ہوی ملو مجھے تم ائی سمجھ۔۔۔۔۔۔

ج۔ جی۔۔۔۔۔۔

اب فوراً نیچے پہنچو۔۔۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر بعد سڑھیوں سے ارسل اور اس کے پیچھے چھپی ہوئی غزل اتے دکھائی دیئے۔۔۔۔

ڈائنگ ٹیبل پر موجود سب کے چہرے پر ناگواری چھا گئی سوائے زمان کے۔۔۔۔۔

بھابی ائیے بیٹھیں نا۔۔۔۔

زمان ایک دم بول پڑا۔۔۔۔۔

زمان۔۔۔۔۔۔۔

Urdu Novels Ghar

نعیمہ اور عظیم کے ماتھے پر بل صاف نظر ارہے تھے۔۔۔

جی ماما۔۔۔ کیا ہوا بھابی ہی ہیں نا۔۔۔۔۔۔

اے لڑکی جا کر اپنے شوہر جے لیے ناشتہ بنا جر لاو۔۔۔۔۔

نعیمہ زمان کو نظرانداز کرتے ہوئے کہتی ہے۔۔۔

جی اچھا۔۔۔۔اور عزل وہاں سے کچن کی طرف چلی جاتی ہے۔۔۔

ماما ناشتہ تو بنا ہوا ہے پھر۔۔۔۔۔۔

ارسل تمہاری بیوی ہے اور آج سے تمہارے سارے کام وہی کرے گی بلکہ میں سوچ رہی ہوں سب کے کام وہی کرے گی۔۔۔۔

ملازموں کو نکال دیتی ہوں۔۔۔۔

سہی کہہ رہی ہیں آپ بیگم۔۔۔ویسے بھی وہ اس خاندان کی بہو کا رتبہ کبھی حاصل نہیں کر سکے گی۔۔۔

اسے اس کی اوقات پر رکھیے۔۔۔۔

جی جی کیوں نہیں۔۔۔۔۔

زمان غصے سے وہاں سے واک اؤٹ کر جاتا ہے جبکی ارسل کا چہرا بے تاثر ہوتا ہے۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں عزل ناشتے کی ٹرے لیے ڈائنگ ہال میں داخل ہوئی۔۔۔۔۔۔۔

پہلی دفعہ عزل کو فرصت سے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

گندمی رنگت۔۔۔۔کالی انکھیں جو گھنیری پلکوں سے ڈھکی ہوی تھیں۔۔۔

بھورے ادھے کھلے بال جو اس کے چہرے پر بار بار ارہے تھے۔۔۔

"ہے تو خوبصورت "۔۔۔۔۔جملہ ہلکی اواز میں کہا گیا۔۔۔

لیکن کچھ ہی دیر بعد اس کے دیکھنے کے عمل میں ملازمہ نے خلل ڈال دیا۔۔۔۔

اؤے لڑکی تمھیں بی بی جی بلا رہی ہیں چلو میرے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔

بات سنو لڑکی آج سے گھر کے سارے کام تم کرو گی ملازموں کو میں نے نکال دیا ہے۔۔۔

ماریہ آج تمھیں کام سمجھائے گی کل سے یہ بھی نہیں ائے گی۔۔۔

تم سارے کام کرو گی۔۔۔

عزل ایک دم سے چہرا اوپر کر کے نعیمہ کو دیکھتی ہے اور ب

پھر اس بڑی حویلی کو۔۔۔۔۔۔

ائی سمجھ۔۔۔۔

ج۔جی۔۔۔

جاؤ ماریہ کام سمجھا کر چلی جانا تم۔۔۔

اور تم لڑکی کام ح بجے تک ختم کرو ورنہ سزا کے لیے تیار رہنا۔۔۔۔۔

عزل خود کو بہت بے بس محصوص کر رہی تھی۔۔۔اپنے انسو کو دھکیلتی ماریہ کے پیچھے چل دی۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

کرن کمرے میں بیٹھی ایک ہی جگہ دیکھ رہی تھی۔۔۔۔۔

کرن اٹھ جاؤ اور میری کام میں مدد کروا دو۔۔۔۔

مگر کرن سن کہاں رہی تھی۔۔۔۔

کرن اٹھو۔۔۔۔

کرن کو ہلایا اور وہ ہوش کی دنیا میں واپس ائی۔۔۔۔

امی۔۔۔۔

امی سب میری وجہ سے ہوا۔۔۔

امی میری گڑیا چلی گئی۔۔۔۔

میری۔۔۔میری گڑیا اس جہنم میں چلی گئی۔۔۔۔امی میں خود کو کبھی معاف نہیں کروں گی۔۔۔۔

امی مجھے ماریں امی۔۔۔ا۔امی۔۔۔۔

کرن کی چیخیں پورے گھر میں جا رہی تھی۔۔۔۔

امنہ اسے چپ کروانے کی ہر ممکن کوشش کر رہی تھی لیکن وہ کسی کی سن کہاں رہی تھی۔۔۔

اور چیختے چیختے وہ بے ہوش ہو گئی۔۔۔۔۔۔

سعید۔۔۔۔سعید جلدی ائیں۔۔۔۔کرن کو کچھ ہو گیا ہے۔۔۔

باہر سے اتے ہوئے سعید اور نواز کو دیکھ کر امنہ بھی چیخنے لگی۔۔۔۔

کیا ہے امنہ کیوں چیخ رہی ہو۔۔۔

سعید امنہ بے ہوش ہو گئی ہے۔۔۔۔

تو؟!!

سعید ڈاکٹر کو بلائیں۔۔۔۔امنہ کو سعید کے لہجے سے حیرت ہوی۔۔۔۔۔

امی جیسے چیختے چیختے بے ہوش ہوی ہے ویسے ہی ہوش میں بھی اجائے گی۔۔۔

چلیں ابا ہم لیٹ ہو رہیں ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہاں چلو۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

سعد اور نواز باتیں کرتے ہوئے ابادی سے دور کچھ زمینوں کے پاس کھڑے تھے۔۔۔۔

شام کے 6 بج رہے تھے سورج اہستہ اہستہ غروب ہو رہا تھا۔۔۔۔

جی سر۔۔۔ سر وہ اگئے ہیں۔۔۔۔

اوکے مار دو لیکن دیھان سے اس کے باپ کو کچھ نہیں ہونا چاہیے۔۔۔۔۔۔۔۔

اُدھر کال ڈسکنیکٹ ہوی اور وہیں اس نے فائر کر دیا پہلا فائر سیدھا اس کے دل میں لگا۔۔۔۔۔

دوسرا فائر پیچھے کی طرف سے کسی نگ کیا اور وہ نواز کی گردن میں لگا۔۔۔۔

اور دیکھتے ہی دیکھتے سعید کی انکھوں کے سامنے اس کے بیٹے کا بے جان وجود زمین بوس ہو گیا۔۔۔۔
جس کو بچانے کے لیے اس نے اپنی بیٹی بدلے میں دے دی تھی اس کا کوی فائدہ نا ہوا۔۔۔
اس کا بیٹا اس کی انکھوں کے سامنے اپنی زندگی سے ہاتھ دھو گیا

------------------------------

◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡

صبح سے کام پر لگی ہوی غزل بری طرح تھک چکی تھی۔۔۔۔

اور نا ہی کچھ کھایا تھا اس نے۔۔۔

ابھی بھی ادھا کام ہوا تھا۔۔۔

نعیمہ نے غصے سے غزل کے بال دبوچے اور اسے کھڑا کیا۔۔۔

لڑکی تمہیں کہا تھا کام جلدی ختم کرنا۔۔۔

رات کا کھانا کون بنائے گا تمہارا باپ تو بنانے سے رہا۔۔۔

انٹی چ۔ چھوڑیں درد ہو رہا ہے۔۔۔

درد ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

اس ہی لیے تو کر رہی ہوں۔۔۔۔تجھے درد ہو مجھے سکون ملے۔۔۔۔

انٹی پلیز۔۔۔۔۔

چپ کر۔۔۔۔۔مجھے روکے گی تو۔۔۔۔۔۔مجھے۔۔۔۔۔۔

نعیمہ نے اس پر تھپڑوں کی برسات کر دی۔۔۔۔وہ ایک کھا کر ابھی سمبھلتی نہیں اسے دوسرا مار دیتی ۔۔۔۔۔۔

اسے بہت زور سے دکھادیا اس کا سر ٹیبل کے ایک کونے سے لگا۔۔۔۔۔

چکرا کر رہ گئ وہ۔۔۔۔اسکے ماتھے سے ایک خون کی لکیر نیچے ارہی تھی۔۔۔۔۔۔۔

وہ کافی دیر نیچے جھکی رہی۔۔۔۔۔۔

خود کو سمبھال کر جب اٹھی تو دروازے پر ارسل کو کھڑا پایا جس کی ماتھے پر بل اور رگیں تنی ہوی تھیں ۔۔۔۔۔

وہ اسے دیکھ کر غصے سے اپنے کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔۔

او لڑکی اب منہ کیا دیکھ رہی ہے جا کر منہ دھو اور ارسل کو چائے دے کر آ۔۔۔۔

وہ ابھی جا ہی رہی تھی کہ دروازے کی طرف سے شور سا ایا۔۔۔۔۔

سعید غم وغصّے کی ملی جھلی کیفیت کے ساتھ اندر ایا۔۔۔۔۔

کہاں ہے عظیم۔۔۔۔۔۔۔کدھر ہے۔۔۔۔۔۔

اپنے باپ کو دیکھ کر عزل کو خوشی ہوی لیکن اسے کچھ غلط ہونے کا احساس ہوا۔۔۔۔۔

کیا ہو رہا ہے یہاں پر۔۔۔۔۔

تم یہاں کیا کر رہے ہو۔۔۔۔

عظیم جو ابھی ڈیرے سے ایا تھا سامنے سعید کو کھڑا دیکھ کر طیش میں اگیا۔۔۔۔۔۔

عظیم تمنے کیوں کیا ایسا۔۔۔۔

کیا کیا میں نے ؟؟؟؟؟

غزل اور نعیمہ بت بنی کھڑی رہی۔۔۔۔۔

ان کا شور سن کر ارسل بھی نیچے اگیا۔۔۔

تم نے کیوں مار دیا میرے بیٹے کو۔۔۔۔

میں نے تمہیں اپنی بیٹی دی تھی اس کے بدلے۔۔۔۔

تم نے دھوکہ کیا ہے ہمارے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔

میں نے جو کیا سہی کیا تمہاری بیٹی میرے بیٹے کے مقابلے کچھ نہیں۔۔۔

اب دفع ہو جاؤ یہاں سے۔۔۔۔۔

میں غزل کو لیکر جاؤں گا۔۔۔۔۔۔

ہاہاہہاہاہاہاہاہاہاہاہا ایک فلک شگاف قہقہہ عظیم کا حویلی میں گونجا۔۔۔۔۔

تم بھول رہے ہو۔۔۔۔ تم نے کاغذات سائن کیے تھے کے تم اپنی بیٹی سے سارے رشتے ختم کر چکے ہو

۔۔۔

تمہارا اس سے کوی تعلق نہیں۔۔۔۔

وہ سعید کو بے بس کر گیا تھا۔۔۔۔۔۔

اور سعید کو دھکے دے کر حویلی سے نکال گیا۔۔۔۔۔

غزل کا دماغ سن ہو چکا تھا۔۔۔۔۔۔

نعیمہ ایک شیطانی مسکراہٹ اس کی طرف اچھال کر عظیم کے ساتھ کمرے میں چلی گئی۔۔۔۔۔۔

غزل کے قدم لڑ کھڑائے ہر چیز گھومتی ہوی نظر ارہی تھی اور اخری چہرا اس نے جو دیکھا وہ ارسل کا تھا جو اس کی طرف ارہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔

پھر اس کی انکھیں بند ہو گئی۔۔۔۔۔

باہوں میں اٹھائے ہوے اسے کمرے میں لیا۔۔۔۔

غزل کے گال سوجے ہوئے تھے اور خون ابھی بھی ہلکا ہلکا ارہا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اس کو بیڈ پر لٹا کر سوچتا رہا اب کیا کرے۔۔۔۔

پھر جا کر ایک باؤل میں پانی اور کپڑا لے کے ایا۔۔۔۔۔۔

بہت ہی احتیاط سے اس کا چہرا صاف کیا۔۔۔۔

جیسے وہ کوی کانچ کی گڑیا ہو جو زرا سا زور سے لگنے سے ٹوٹ جائے۔۔۔۔

پھر اس کے ماتھے پر پٹی کی۔۔۔۔۔۔

کچھ ہی دیر میں غزل کو ہوش اگیا تھا۔۔۔۔

خود کو ارسل کے بیڈ پر پا کر ایک دم اٹھ گئی۔۔۔۔۔

کیا ہوا؟؟؟؟؟

وہ س۔سوری اپکے بیڈ پر۔۔۔۔۔۔

کچھ چاہیے تمہیں ؟؟؟

بھوک لگی ہ۔ہے۔۔۔۔

تم نے صبح سے کچھ کھایا؟؟؟

ن۔نہیں۔۔۔۔۔

ارسل کو اب نعیمہ پر غصہ ارہا تھا۔۔۔۔

اچھا میں لے اتا ہوں کھانا۔۔۔۔

5 منٹ بعد وہ کھانے کی ٹرے کے ساتھ کمرے میں داخل ہوا اور غزل نے کھانا کھایا۔۔۔۔

غزل۔۔۔۔۔۔

پہلی بار اپنا نام ارسل کے منہ سے سن کر اس کی بیٹ مس ہوی۔۔۔۔

نظریں اٹھا کر ارسل کو دیکھا۔۔۔۔

یہ پین کلر کھالو۔۔۔درد سے ارام ائے گا۔۔۔۔

Urdu Novels Ghar

اور وہ اس گولی کو دیکھتی رہ گئی۔۔۔

ایک تلخ مسکراہٹ کے ساتھ گویا ہوی۔۔۔

درد ہی تو دینا چاہتے تھے آپ لوگ۔۔۔۔

پھر یہ مرہم مت دیجیے۔۔۔۔

اس کے ذہن میں ایک دم کچھ وقت پہلے کے اس کے باپ کے الفاظ گونجنے لگے۔۔۔۔

ارسل اسے دیکھتا ہی رہ گیا۔۔۔۔۔

اخر انہوں نے کیا تو دھوکہ ہی تھا۔۔۔۔۔

غزل بغیر پین کلر کھائے صوفے پر لیٹ گئی۔۔۔

اور بغیر اواز کیے رونے لگی۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

گھر بلکل خالی ہو گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

پہلے غزل گئی۔۔۔۔۔

پھر نواز چلا گیا۔۔۔۔۔

امنہ کو گھر کاٹنے کو دوڑ رہا تھا۔۔۔۔

سعید صاحب یہ کیا ہو گیا۔۔۔۔۔

بیگم یہ اب میری غلطی ہے۔۔۔۔۔

میں نے غزل کے ساتھ برا کیا اور دیکھو کیا ہو گیا۔۔۔۔

عظیم نے دھوکہ دیا ہے مجھے۔۔۔۔

میری بچی۔۔۔۔

تمہیں پتا ہے اسے کے گال سوجے ہوئے تھے۔۔۔۔

ہم نے اسے جہنم میں بھیج دیا۔۔۔۔۔

اے اللہ ہمیں معاف کر دے۔۔۔۔

معاف کر دے۔۔۔۔۔

کبھی انسان ایسے فیصلے کر جاتا ہے جو اسے پچھتانے پر مجبور کر دیتے ہیں۔۔۔اور اب سعید کو پچھتاوا ہو رہا تھا۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

کھڑکی سے اندر اتی ہوی روشنی نے ارسل کی نیند توڑ دی۔

ٹائم دیکھا تو 7 بج رہے تھے۔۔۔۔

نظر سامنے صوفے پر گئی۔۔۔۔

جہاں غزل موجود نہیں تھی۔۔۔

ایک دم اٹھ بیٹھا۔۔۔۔

کہاں چلی گئی وہ۔۔۔۔۔

ایک دم نیچے کی طرف بھاگا۔۔۔۔

نیچے کا منظر کچھ یوں تھا کہ غزل اس بڑے ہال نما کمرے میں جھاڑو لگا رہی تھی۔۔۔۔

ارسل اسے دیکھ کر واپس اوپر کمرے میں چلا گیا۔۔۔

"مجھے اس سے دل نہیں لگانا چاہیے۔۔۔

میں اس کی زندگی میں زبردستی ایا ہوں۔۔۔۔۔

اور وہ مجھ سے بھی کتنی چھوٹی ہے۔۔

ظلم تو ہوا ہے اسکے ساتھ۔۔۔۔

لیکن میرا بھا۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا بھائی بھی مارا ہے ان لوگوں نے۔۔۔۔

اچھا ہے کرے کام۔۔۔۔۔مجھے کیا۔۔۔"

اہاااااں جناب کو کچھ فرق نہیں پڑھتا۔۔۔

اور خود سے بات کرنے کی عادت کب سے ہو گئی۔۔۔۔

دروازے میں کھڑے زمان کی بات پر وہ پیچھے مڑا۔۔۔

تم۔۔۔

جی بھائی۔۔۔میں حیران کیوں ہو رہے ہیں۔۔۔

نہیں میں۔۔ میں تو بس۔۔۔۔۔

اچھا بھائی رہنے دیں آپ۔۔۔ نیچھے بھابی پوچا لگا رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

کیا۔۔۔۔پوچا۔۔۔!؟؟

جی پوچا۔۔۔۔

اور اپکو کیوں شاک لگا۔۔۔اپکو تو کوی فرق نہیں پڑھتا نا۔۔۔۔

ہاں مجھے نہیں پڑھتا کوی فرق۔۔

اب نکلو یہاں سے۔۔۔

بھائی اپ ہمیشہ مجھے نکال دیتے ہیں۔۔۔

ایک دن اپکو میری ضرورت ضرور محسوس ہو گی۔۔۔۔

اور زمان وہاں سے نکل گیا۔۔۔۔

｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕

دیکھے جناب ہم اپکو پیسے دے دیتے ہیں۔۔۔۔

لیکن آپ اسے نا ماریں۔۔۔۔۔۔۔

اچھا چلیں ایک ڈیل کرتے ہیں۔۔۔

کیسی ڈیل؟؟؟؟

ہم اپکے بڑے بیٹے کو معاف کر دیں گے۔۔۔

لیکن اس کے لیے اپکو۔۔۔۔۔۔

اپکو اپنا چھوٹا بیٹا ہمیں دینا ہو گا۔۔۔۔

اگے ہماری مرضی ہو گی ہم جو بھی کریں۔۔۔۔

ک۔ کیا۔۔۔۔۔

جی جناب اپکے ہاں کوی لڑکی تو ہے نہیں۔۔۔۔

اپکو اگر اپنا بیٹا پیارا ہے تو دوسرا قربان تو کرنا ہو گا۔۔۔

اگر نہیں تو۔۔۔۔

اپنے بیٹے کو مرتا ہوا دیکھنے کے لیے تیار رہنا۔۔۔

اور اس جرگے میں بیٹھے سب لوگوں کی۔ شکلوں پر حیرانی اور پریشانی کے تاثرات تھے۔۔۔

اخر لڑکی کے بجائے لڑکا جو مانگ لیا تھا۔۔۔۔۔

｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕

10 بجے سب ناشتے کی ٹیبل پر موجود تھے۔۔۔۔

اور گھر بھی پوری طرح صاف تھا۔۔۔

بس غزل ان کے ساتھ ٹیبل پر موجود نہیں تھی۔۔۔

بھائی بھابی ناشتے پر کیوں نہیں ائیں؟

مجھے کیا پتا۔۔۔۔۔

ارسل دوبارا ناشتے میں مصروف ہو گیا۔۔۔

اپکی وائف ہیں۔۔۔۔

ارسل کھاتے ہوے رک گیا۔۔۔

مجھے دیر ہو رہی ہے جا رہا ہوں۔۔۔

ناشتہ تو کرتے جاؤ ارسل۔۔۔

نہیں کرنا ناشتہ۔۔۔

وہ لمبے ڈگ بھرتا ہوا چلا گیا۔۔۔

میں زرا دیکھ کراؤں بھابی کو۔۔۔

زمان۔۔۔۔

عظیم کی رعب دار اواز نے زمان کو رکنے پر مجبور کیا۔۔۔

تمھیں بہت زیادہ ہمدردی ہو رہی ہے۔۔۔۔

یہ ناہواس لڑکی کے لیے یہ نقصان دہ ہو۔۔۔

بابا۔۔۔

فلحال آپ کے لیے بہت خطرہ ہے۔۔۔

اگر بھائی کو سب پتا چل گیا نا تو آپ لوگ نقصان میں ہوں گے۔۔۔۔۔۔

اچھا اسے بتائے گا کون۔۔۔۔۔۔

عظیم کھڑے ہو کر پوچھنے لگا۔۔

بتانے والے بہت ہیں بابا۔۔۔۔

احتیاط ضروری ہے اپکے لیے۔۔۔۔۔زمان کو اپنے کمرے کی طرف جاتا پا کر غزل جلدی سے کمرے میں گئی لیکن اس نے ان کی باتیں سن لی تھیں۔۔۔

اسے سمجھادو نیمہ۔۔۔۔۔

اچھا آپ ناشتہ تو پورا کریں۔۔۔۔

بھر گیا ہے پیٹ تمہارے لاڈلے کی باتوں سے۔۔۔

ایک تو اس لڑکی کیو جہ سے پورا گھر بھوکا ہی رہے گا۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

بھابی بھابی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہ۔ہاں کیا ہوا۔۔۔۔؟

میں اندر آ جاؤں۔۔

ہاں آؤ۔۔بھابی آپ ناشتے پر کیوں نہیں آئیں۔۔زمان بیٹھتے ہوئے بولا۔۔۔

وہ میں نے پہلے ہی کر لیا تھا۔۔۔

اچھا۔۔۔ویسے آپ کے ہاتھ میں ذائقہ بہت ہے۔۔۔

اچھا۔۔۔۔

غزل کو زمان باقی سب سے الگ لگا تھا۔۔۔۔

اچھا ہاں بھابی آپ کو مجھ سے ڈرنے کی ضرورت نہیں ہے میں باقیوں جیسا نہیں ہوں۔۔۔۔

ہاں مجھے پتا چل گیا تھا تبھی جب تم بغیر کسی سے ڈرے مجھے بھابی بھابی بول رہے تھے۔۔۔

ہاہاہہا اچھا۔۔۔۔۔

اچھا چلیں میں چلتا ہوں نہیں تو آپکا کھڑوس شوہر مجھے کچا چبا جائے گا۔۔۔

ہاہاہا اچھا جاؤ۔۔۔

زمان جاتے جاتے رکا۔۔۔

بھابی۔۔۔ہمم

آج کھانے میں بریانی بنانا۔۔۔

بنادوں گی۔۔۔۔

زمان کے جانے کے بعد غزل پھر سے سوچوں میں گم ہو گئی۔۔

اخر بات کیا ہے جس سے انکل انٹی کو ڈرنا چاہیے۔۔۔

اور ایسا کیا راز ہے جو ارسل کو نہیں پتا۔۔۔۔

اس بات سے میری زندگی کا تعلق نظر ارہا ہے۔۔۔۔۔

مجھے پتا لگوانا پڑے گا۔۔۔

اور زمان میری مدد کر سکتا ہے۔۔۔

ہمممم زمان سے بنا کر رکھنی پڑے گی۔۔۔

◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧｡◕◕✧

ابو مجھے یقین نہیں ارہا۔۔۔۔

آپ آپ مجھے اس طرح خود سے دور کریں گے۔۔۔۔

میں مجبور ہوں دانیال۔۔۔۔۔

ابو آپ ایک بیٹے کو بچانے کے لیے دوسرا بیٹا قربان کر دیں گے۔۔۔۔۔۔۔

دانیال وہ اسے مار دیں گے

اگر تم نہیں جاؤ گے تو۔۔۔

لیکن اگر تم چلے گ ئے تو تم بھی زندہ رہو گے اور دانش بھی زندہ رہے گا۔۔۔

ہاں میں زندہ رہوں گا لیکن میری روح مر چکی ہو گی۔۔۔

میں تمہارے اگے ہاتھ جوڑتا یوں۔۔۔۔ تم ہی اب اپنے بھائی کو بچا سکتے ہو۔۔۔۔

ابو کیا کر رہے ہیں آپ۔۔۔۔

تمہیں اپنی ماں کا واسطہ ہے تم چلے جاؤ۔۔۔۔۔

سلیم نے اس کی دکھتی رگ پر پاؤں رکھا تھا۔۔۔

اہہہہہہہ آچھا ابو۔۔۔۔۔

اب آپ نے سودا تو کر ہی دیا ہے۔۔۔

تھک ہار کر اخر اسے ماننا پڑا۔۔۔۔۔۔۔

اب اس کی زندگی میں کیا نیا موڑ انے والا ہے وہ اس سے بے خبر تھا۔۔۔

بابا آپ کی اس حرکت کی وجہ جان سکتا ہوں۔۔۔؟

کون سی حرکت۔۔

عظیم ایسا بیہوؤ کر رہا تھا جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔۔۔

اپ نے غزل کے بھای کو کیوں مارا۔۔۔۔

اب کی بار ارسل کا لہجہ تیز تھا۔۔۔

کیوں کہ اس نے میرے بیٹے کو مارا تھا۔۔۔

تو غزل ائی تو تھی بدلے میں۔۔۔

تمہیں کیوں ہمدردیاں ہو رہی ہیں ان لوگوں سے۔۔۔

بات ہمدردی کی نہیں ہے بات سہی اور غلط کی ہے اور یہاں آپ غلط ہیں۔۔۔

غزل پر بھی ظلم کرتے ہیں اور اس کے بھای کو بھی مارا۔۔۔۔

بولیے جواب دیں نا۔۔۔

کیوں چپ لگ گئی ہے اپکو۔۔۔۔۔۔

میں بتاتا ہوں۔۔۔اپکے پاس کوی جواب نہیں ہے۔۔۔

غلط کیا۔۔بہت غلط۔۔

ایک دفعہ مجھ سے مشورہ کر لیتے۔۔۔۔

ارسل غصے سے کہہ کر باہر نکل گیا۔۔۔۔

بھای بہت جلد اپکو بہت کچھ بتادوں گا۔۔۔

زمان نے اسے غصے سے جاتے ہوئے دیکھتے ہوئے سوچا اور اپنے کیبن کی طرف بڑھ گیا۔۔۔



Urdu Novels Ghar

پورے محلے میں بات آگ کی طرح پھیل گئی تھی کے سلیم کا بیٹا دانیال ونی بن رہا ہے۔۔۔۔

ہر کوی اس کا مزاخ اڑا رہا تھا۔۔۔

غم و غصے جی ملی جھلی کیفیت لیے اپنی ماں کی تصویر کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

ماں۔۔۔

دیکھ رہی ہیں کیسے مجھے بھیج رہیں ہیں۔۔۔۔

میں اپکا لاڈلا تھا۔۔۔اور آپ ہی میری زندگی کی اہم چیز تھیں جو میں نے کھو دی۔۔۔

ان لوگوں نے مجھے استعمال کیا۔۔

اپکی قسم دے کر میرے ساتھ یہ کر رہے ہیں۔۔۔

مجھے جانا پڑھ رہا ہے کیوں کہ۔۔۔کیوں کہ میں اپکی قسم نہیں توڑ سکتا۔۔۔

چلتا ہوں خدا حافظ۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

کرن بیٹا اٹھ جاؤ ہفتہ ہو گیا ہے تم کالج یونیورسٹی نہیں جا رہی۔۔۔

پڑھائی کا حرج ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

امی پلیز میں نے نہیں جانا۔۔۔

کیا مطلب نہیں جانا۔۔۔۔۔

تمہارا آخری سمسٹر ہے جانا تو پڑے گا۔۔۔

اٹھو شاباش۔۔۔۔۔

امنہ کرن کو زبردستی اٹھا کرائی اور ناشتہ لگانے لگی۔۔۔

کہاں ہے کرن۔۔؟؟

سعید اسے ناآتا دیکھ کر بولا۔۔۔

ارہی ہے۔۔۔۔

کچھ دیر میں کرن باہر ائی۔۔

انکھوں کے نیچے ہلکے پڑے ہوئے۔

انکھیں سوجی ہوی کمزور سی کرن۔۔۔

وہ پہلے والی کرن تو لگ ہی نہیں رہی تھی۔۔۔

کرن بیٹا آج سے دوبارا یونیورسٹی جانا شروع کردو۔۔۔۔۔۔

کرن کو سعید کا بدلا ہوا لہجہ سن کر حیرانی ہوی۔۔۔۔

نہیں بابا میں جاب کروں گی۔۔۔۔

کیا جاب۔۔۔!

امنہ ایکدم بول اٹھی۔۔۔

ماما بھائی کی دیتھ کے بعد بابا اکیلے ہو گ ۓ ہیں۔۔۔

اس لی ۓ۔۔

مگر۔۔۔۔

اگر مگر کچھ نہیں۔۔۔

بابا بتائیں نا کر لوں جاب۔۔۔

سعید نے شفقت بھرا ہاتھ کرن کے سر پر رکھا۔۔۔

انکھوں میں نمی واضح تھی۔۔۔

ہاں کر لو۔۔۔

تھینک یو بابا۔۔۔

چلیں اب سب ناشتہ کریں۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

غزل کچن میں رات کے لیے کھانا تیار کر رہی تھی۔۔

پیاز کاٹتے ہوے چھری اس کی انگلی پر لگ گی۔۔۔۔۔

اہہہ۔۔۔۔

اواز پر کچن کے پاس سے گرتا ارسل اندر ایا۔۔۔

سامنے غزل انگلی پکڑے کھڑی تھی۔۔۔

کیا ہوا دیکھاؤ۔۔۔

غزل دیکھ کر کام کرتی نا اور کرنے کی کیا ضرورت ہے۔۔۔۔

دیکھو لگ گی نا۔۔۔ ملازم کس کام کے لیے ہیں۔۔۔۔۔

ہہمہ ملازم۔۔۔۔۔ جنہیں اپکی ماما نے نکال دیا تا کہ سارے کام میں کروں۔۔۔

اور چھوڑیں میرا ہاتھ۔۔۔ میں خود کر سکتی ہوں۔۔۔

غزل نے اس کے ہاتھ سے اپنا ہاتھ چُھڑا لیا۔۔۔۔

ارسل لب بھینچ کر وہاں سے واک اؤٹ کر گیا۔۔۔۔

غزل نے ہاتھ دھویا۔۔۔۔

پھر پٹی باندھ کر دوبارا کام میں مصروف ہو گئی۔۔

｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕｡✧◕◕

دانیال کو وہ لوگ لے جا رہے تھے۔۔۔۔۔

اسے نہیں معلوم تھا اگے کیا ہو گا۔۔۔۔۔۔

بس وہ سامنے دیکھ رہا تھا۔۔۔۔

گاڑی میں کیا باتیں چل رہی تھی وہ انسے بے خبر تھا۔۔۔۔

سامنے سے بڑا ٹرک اتا نظر ا رہا تھا مگر دانیال کے چہرے پر کوی خوف نہیں تھا۔۔۔۔

پتلی سی سڑک جس کے دونوں اطراف خالی تھے اور سامنے سے اتا ٹرک۔۔۔۔۔

باکی لوگوں کے چہروں پر خوف واضح تھا لیکن دانیال بے تاثر چہرا۔۔۔۔۔۔

اور پھر ایک زوردار تصادم سے اس کی انکھوں کے اگے اندھیرا چھا گیا۔۔۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

رات کے کھانے پر سب بیٹھے ہوے تھے لیکن اج پھر غزل وہاں موجود نہیں تھی۔۔۔۔

ارسل کچھ دیر اپنے ساتھ والی سیٹ کو دیکھتا رہا اور پھر اٹھ کر کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔

ان کو کیا ہو گیا۔۔۔۔۔

زمان جو پلیٹ میں بریانی ڈال رہا تھا اسے جاتا دیکھ کر بول اٹھا۔۔۔

جو بھی ہوا اچھا ہی ہوا تھا۔۔۔

زمان اس کے ساتھ غزل کو اتا دیکھ کر بولا۔۔۔۔۔

ارسل نے غزل کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑا ہوا تھا۔۔وہ اسے زبردستی لا یا تھا۔۔۔

بیٹھو۔۔۔۔۔

مگر غزل نا بیٹھی۔۔

میں نے کہا بیٹھو۔۔۔

ارسل کی اواز انوچی سن کر غزل ایک دم بیٹھ گئی۔۔۔

لیکن نعیمہ اور عظیم اٹھ کر اندر چلے گ ئے۔۔۔۔۔

کھانا کھاؤ پیٹ بھر کر۔۔۔۔

ارسل کو غصے میں دیکھ کر زمان نے خاموش ہی رہنے کا ارادہ کیا۔۔۔

ہسپتال کے بیڈ پر لیٹا اپنی انکھیں کھول رہا تھا۔۔۔

یہ۔۔ کیا اوپر کی دنیا ہسپتال جیسی ہوتی ہے۔۔۔۔۔

نہیں برخوردار یہ ہسپتال ہی ہے۔۔۔

پاس کھڑے ڈاکٹر نے ہنسی ضبط کرتے ہوئے کہا۔۔۔

اور تم بچ گئے ہو شکر کرو۔۔۔۔

تمہارے ساتھ جو دو لوگ تھے

ان میں سے ایک تو مر گیا تھا اسی ٹائم۔۔۔

لیکن جو بزرگ ہیں وہ بچ گئے ہیں۔۔۔۔

لیکن۔۔۔۔۔۔۔

ڈاکٹر خاموش ہو گیا۔۔۔

دانیال نے سوالیہ نظروں سے انہیں دیکھا۔۔۔

لیکن وہ اب چل نہیں سکتے۔۔۔۔

اس ایکسیڈنٹ نے ان کی ٹانگوں کو بہت افیقت کیا ہے۔۔۔۔

میں کب جاؤں گا یہاں سے۔۔۔

ڈاکٹر کی بات اگنور کرتا گویا ہوا۔۔۔

جناب ہفتہ لگے گا تمہیں ریکوؤر ہونے میں۔۔۔۔۔

اچھا۔۔۔۔۔

کچھ دیر ڈاکٹر دانیال کو دیکھتا رہا اور پھر باہر چلا گیا۔۔۔دانیال نے انکھیں بند کر دیں۔۔۔

کچھ دیر ذہنی سکون چاہتا تھا۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

ارسل تھکا ہوا کمرے میں داخل ہوا لیکن دشمن جاں کو نا پا کر پریشان ہوا۔۔۔

وہ اسے باہر بھی کہیں نظر نہیں ائی تھی۔۔۔۔

لیکن باتھ روم سے پانی گرنے کی اواز ائی تو اسے کچھ تسلی ہوی۔۔۔۔

وہ وہیں بیڈ پر جوتوں سمیت لیٹ گیا۔۔۔

کچھ دیر بعد غزل کانپتی ہوی باہر ائی۔۔۔۔

ایک منٹ لگا اسے سمجھنے میں۔۔۔

غزل تم ٹھنڈے پانی سے نہائی ہو؟؟

ج۔جی۔۔۔۔۔

محترمہ پاگل ہو کیا اتنی ٹھنڈ میں ٹھنڈے پانی سے نہائی ہو۔۔۔۔

ارسل اس کی بات سن کر کھڑا ہو گیا۔۔۔۔

اِدھر۔۔۔۔۔۔

کیا!!! کیا کا کیا مطلب میں نے کہا ہے ادھر اؤ۔۔۔۔۔

غزل کوئی اور سوال کئے بغیر اس کے پاس گئی۔۔۔

ارسل نے ہاتھ پکڑ کر بیڈ پر بٹھایا اور کمفرٹر اوڑھا دیا۔۔۔۔۔

اگلی بار ٹھنڈے پانی سے نا نہانا بیمار ہو جاؤ گی۔۔۔۔

غزل اس کی بات سن کی منہ بنا گئی۔۔۔۔

منہ نا بناؤ بیمار ہو کر پڑی ہو گی نا پھر پتا لگے گا۔۔۔۔

لاؤ میں تمہارے بال بنا دیتا ہوں۔۔۔۔۔۔

ارسل کی بات پر غزل اسے حیرت سے دیکھنے لگی۔۔۔۔

کیا ہے ایسے کیا دیکھ رہی ہو۔ جانتا ہوں بہت ہینڈ سم ہوں اب کیا نظر لگاؤ گی۔۔۔۔

ارسل۔ آپ کو کیا ہوا ہے۔۔۔

رک رک کر جملہ بولنے میں غزل کامیاب ہو ہی گئی۔۔۔۔۔

مجھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔ارسل گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔۔۔

مجھے کچھ نہیں ہوا غزل بس میں جس وجہ سے روڈ تھا وہ وجہ ہی ختم ہو گئی ہے۔۔۔۔۔

میرے گھر والوں نے وہ وجہ ختم کر دی ہے۔۔۔۔

اور ہم ایک پاکیزہ رشتے میں ہیں اس لیے میں وہی پورا کر رہا ہوں۔۔۔۔

ہاں میں تمہارے بال بنانے کی بات کر رہا تھا۔۔۔۔

غزل کی آنکھیں نم ہوتا دیکھ کر بولا اور پاس سے برش اٹھا کر اس کے بال بنانے لگا۔۔۔۔

غزل نے خدا کا شکر ادا کیا کہ اب اس کی زندگی اسان ہو گی۔۔۔

لیکن ایکدم اس کے ز

ذہن میں زمان کی باتیں چلنے لگی۔۔۔۔۔

"ایک دن بھائی کو پتا چل جائے گا"

ایسی کیا بات ہے جو ارسل نہیں جانتے۔۔۔

ارسل کو دیکھتے ہوئے سوچتی ہے۔۔۔۔

کیا ہوا اب۔۔۔۔۔

غزل کو دیکھتے ہوے بولا۔۔۔

کچھ نہیں۔۔۔

اچھا یار اج میں نے کھانا نہیں کھایا کچھ اچھا بنا دو کھانے کے لیے۔۔۔

جی اچھا کیوں نہیں۔۔۔

اور کچن میں چلے گئ۔۔۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

غزل کھانا لے کر کمرے میں جا رہی تھی کے اتی اوازوں پر رکی۔۔۔۔۔۔

زمان کے ابو میں کل ارسل 28 سال کا ہو جائے گا اور اس وصیت کے مطابق جب وہ 28 سال کا ہو گا سب اسے مل جاے گا یہ گھر گاڑیاں اور کمپنی بھی۔۔۔

تو اب اپ اس سے پیپرز سائن کروادیں نا۔۔۔

ہاں سہی کہہ رہی ہو ارسل کا رویہ اس لڑکی کے ساتھ بدل رہا ہے اور کیا پتا اسے لر کر الگ ہو جائے۔۔۔

جلد ہی کچھ کرنا پڑے گا۔۔۔۔۔۔

غزل کمرے سے کسی کو باہر اتا محسوس کر کے ایک دم کمرے میں چلی گئ۔۔۔۔

یہ لیں کھانا۔۔۔۔۔

تم نے کھایا؟

جی کھالیا تھا۔۔۔

گڈ!

اب سو جاؤ۔۔۔۔

او ہیلو وہاں کہاں۔۔۔۔

غزل کو صوفے پر جاتا دیکھ کر بولا۔۔۔

یہاں اؤ شرافت سے مجھے دو بارا نا کہنا پڑے۔۔۔

اور غزل بغیر چوں چڑاں کیے بیڈ پر لیٹ گئی۔۔۔۔۔

صبح کا سورج پوری اب و تاب سے چمک رہا تھا پرندوں کی اوازوں نے غزل کی نیند میں خلل ڈالا۔۔۔۔

ٹقئم دیکھا تو 6 بج رہے تھے۔۔۔۔

اٹھنے کی کوشش کی لیکن خود کو مضبوط گرفت میں پایا۔۔۔

مڑ کر دیکھا تو ارسل کی مضبوط باہوں میں قید تھی۔۔۔

خود کو چھڑانے کی کوشش کر رہی تھی۔۔۔

غزل سو جاؤ بہت مزے کی نیند ارہی ہے۔۔۔

ہقس تو اپکو ارہی ہے نا مجھے تو کام ہیں۔۔۔

کوی کام نہیں ہیں تم نہیں کرو گی سو جاؤ۔۔۔

ارسل نے نیند سے بوجھل اواز میں کہا۔۔۔۔

یار آپ نا۔۔۔

بلکل چپ اواز نا ائے اب۔

غزل کی نیند تو اڑ چکی تھی اسے اتنے قریب دیکھ کر لیکن ارسل دوبارا سونے کی تیاری کرنے لگا۔۔۔

غزل مسلسل اسے دیکھتی رہے۔۔۔۔

اور اسے دیکھ کر مسکرانے لگی۔۔۔۔

بیگم ایسے ہی دیکھتی رہی تو دل بے ایمانی پر اجاے گا۔۔۔۔

ارسل کی بات سن کر غزل کے گال سرخ ہوے اور فوراًا آنکھیں بند کر گئی۔۔۔

لیکن ارسل نے اس کی یہ حرکت بخوبی

دیکھی اور دل میں قید کر لی۔۔۔۔

ارسل اس پر اپنا حصار مزید تنگ کر کے سو گیا۔۔۔

---

دس بجے کے ٹائم غزل نے ارسل کو زبردستی اٹھایا۔۔۔۔۔

اور تیار ہونے کے بعد ناشتے کے لیے جانے لگے۔۔۔۔

اؤ مہرانی آج کام نہیں کرنا تھا کیا۔۔۔

نعیمہ نے دونوں کو اتا دیکھ کر کہا۔۔۔

غزل نے سر جھکا لیا ان کی بات سن کر۔۔۔

یہ اب کام نہیں کرے گی۔۔۔

سب ملازموں کو واپس بلائیں۔۔۔۔

تم بھول رہے ہو ارسل اس۔۔۔۔

اپ لوگ بھی شائد بھول رہیں ہیں اپ لوگوں نے بدلا لے لیا ہے اور اب یہ میری بیوی یعنی اس گھر کی بہو ہے۔۔۔

کوی ونی نہیں۔۔۔۔

چلو غزل آج ہم باہر سے ناشتہ کریں گے۔۔۔۔

بھائی مجھے بھی لیں جائیں یہاں کچھ نہیں ملے گا۔۔۔

اس کی ماصوم سی شکل دیکھ کر دونوں ہلکا سا ہنسے اور اسے بھی ساتھ لے چلے۔۔۔۔۔۔۔۔۔

。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕。✧◕◕

ایک ماہ ہو گیا تھا دانیال کے ایکسیڈنٹ کو۔۔۔۔

اس نے کافی حد تک ریکوور کر لیا تھا اور اب تو کام پر بھی جا رہا تھا۔۔۔

اج بھی کیبن میں ہی بیٹھا تھا کہ دروازا ناک ہوا۔۔۔۔

یس۔۔۔۔

سر باہر ایک لڑکی ائی ہے ائٹرویو کے لیے۔۔۔۔۔۔

اچھا بھیجو اندر۔۔۔۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔۔۔۔

مے ائی کم ان سر۔۔۔۔۔۔

سر۔۔۔۔۔۔۔!!

اوج۔ جی ائیں بیٹھیں۔۔۔۔۔

دانیال اپنی چوری پکڑے جانے پر بھوکلا گیا تھا۔۔۔

سر مئی نیم از کرن۔۔۔۔

لاسٹ سمسٹر ہے۔۔۔

میں نے بہت جگہ ٹرائی کر لیا لیکن نو ون از گیونگ می جاب۔۔۔

پلیز سر اپ مجھے ملازمہ کی جاب دیں دیں پلیز۔۔۔۔۔۔

نہیں مس ائسی (iceeei) ملازمہ کی کیوں۔۔۔۔

مس ائسی؟؟؟ کرن نام سن کر حیران ہوی۔۔۔۔۔۔

یس بیکاز اف یور بلیوائز۔۔۔۔۔

اور کیوں نہیں مل رہی اپکو جاب؟

ابھی سٹڈی کمپلیٹ نہیں ہوی۔۔۔۔۔

اچھا تو پلین ہے کمپلیٹ کرنے کا۔۔۔

نہیں۔۔۔مگر کیوں۔۔۔دانیال نے ائبرو اچکا کر پوچھا۔۔۔

